## وکلاء کی جانب سے صحافیوں پر تشدد کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔7، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے لاہور ہائی کورٹ میں بعض وکلاء کی جانب سے صحافیوں کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اس سے قبل وکلاء کی جانب سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینز ڈاکٹر فاروق ستار، سابق وزراءمحمود قصوری، شیر افگن نیازی اور دیگرافراد کو بہیمانہ تشدد کا بہیمانہ تشددنشانہ بنایا جاچکا ہے اورشر پسند وکلاء کے تشدد سے صحافی برادری بھی محفوظ نہیں ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدرمملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی،، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک، وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ لاہور ہائی کورٹ میں وکلاء کی جانب سے صحافیوں کو تشدد کا نشانہ بنانے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور پرتشدد کارروائیوں میں ملوث وکلاء کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی کی جائے۔

## شب برات کے موقع پر قبرستانوں میں صفائی ستھرائی، لائٹنگ کے انتظامات اور کیمپوں کا انعقاد کرنے پر منتخب حق پرست بلدیاتی قیادت کو رابطہ کمیٹی کا زبردست خراج تحسین

کراچی۔۔۔7، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے شب برات کے موقع پر قبرستانوں میں صفائی ستھرائی اور لائٹنگ کے انتظامات کرنے پر شہری حکومت کے ناظم اعلیٰ سید مصطفی کمال، نائب ناظم نسرین جلیل اور تمام حق پرست ٹاؤن ناظمین، نائب ناظمین، یوسی ناظمین اور کونسلرکوزبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شب برات کے موقع پر عوام کی بڑی تعداد قبرستانوں میں اپنے عزیزواقارب کی قبروں پر حاضری دیتی ہے اوراس موقع پر منتخب حق پرست بلدیاتی قیادت نے قبرستانوں کے راستوں پر کیمپوں کا انعقاد کیا اورزائرین کی رہنمائی کی اورانہیں ہرممکن مدد وتعاون فراہم کیا جس پر حق پرست بلدیاتی نمائندے خراج تحسین کے مستحق ہیں۔

## عوام وکارکنان رابطہ کمیٹی کے سابق رکن حسنی مثنیٰ علوی مرحوم کی اہلیہ فیروزہ سلطانہ کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں، الطاف حسین

لندن۔۔7اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے سابق رکن اور سابق رکن قومی اسمبلی حسن مثنیٰ علوی مرحوم کی اہلیہ محترمہ فیروزہ سلطانہ کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد وکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے عوام وکارکنان سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ محترمہ فیروزہ سلطانہ کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔واضح رہے کہ حسن مثنیٰ علوی مرحوم کی اہلیہ فیروزہ سلطانہ شدید علیل ہیں اور وہ مقامی اسپتال میں زیرعلاج ہیں۔

## گڈاپ ٹاؤن یوسی 4 کے سکھیا گوٹھ کی ساریو، بروہی اورابڑو برادریوں کے نوجوانوں اور بزرگوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

کراچی۔۔۔7، اگست 2009ء

گڈاپ ٹاؤن یوسی 4 کے سکھیا گوٹھ کے رہائشی ساریو، بروہی اورابڑو برادریوں کے درجنوں نوجوانوں اور بزرگوں نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے سندھ دھرتی کے حقوق کے حصول کی عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی گڈاپ سیکٹر کے زیراہتمام لاسی گوٹھ میں منعقدہ اجتماع میں کیا جس میں مختلف قومیتوں اور برادریوں کے معززین اورافراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور جناب الطاف حسین کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا۔اجتماع میں ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم، جوائنٹ انچارج یوسف منیر شیخ، اراکین ممتاز علی، گل محمد مینگل اور گڈاپ سیکٹر کمیٹی کے اراکین نے بھی شرکت کی۔ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کرنے والے ساریو، بروہی اورابڑو برادریوں کے معززین اورنوجوانوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا

کہ ہم نے نظریاتی طور پر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کی ہے کیونکہ ہم یہ جان چکے ہیں کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ہی ملک کے وہ عظیم رہنما ہیں جن کے قول وفعل میں کوئی تضاد نہیں ہے اور وہ ملک بھر کے غریب ومڈل کلاس طبقے کے دلوں کی دھڑکن بن چکے ہیں۔قبل ازیں اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم نے کہا کہ ایم کیوایم کی پرامن جدوجہد اہم مرحلے میں داخل ہوچکی ہے اور اب ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے نے ملک پر قابض 2 فیصد استحصالی طبقہ کی جانب سے جاری ناانصافیوں اور محرومیوں کے خلاف عملی جدوجہد کا آغاز کردیا ہے۔انہوں نے ساریو، بروہی اور ابڑو برادریوں کے معززین، نوجوانوں اور بزرگوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا زبردست خیر مقدم کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی۔

## ایم کیوایم حیدرآباد زون کے جوائنٹ یونٹ انچارج اور ایم کیوایم آگرہ تاج سیکٹر کے کارکن کی والدہ محترمہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔7، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم حیدرآباد زون یونٹ 118 کے جوائنٹ یونٹ انچارج محبوب رضا کی والدہ محترمہ لاڈو بی بی اور ایم کیوایم آگرہ تاج سیکٹر یونٹ یوسی آگرہ تاج کالونی کے کارکن محمد اشرف کی والدہ محترمہ عزیز النساء کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں ربطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے وفد نے سانحہ گوجرہ کے متاثرہ چرچوں کا دورہ کیا

## سانحہ گوجرہ ملک کی تاریخ کا سیاہ ترین باب ہے، ڈاکٹر علی حسن کی متاثرین گوجرہ اور مسیحی رہنماؤں سے بات چیت

## ایم کیوایم مذہبی اقلیتوں کے حقوق کے حصول کیلئے پرامن جدوجہد کررہی ہے، متاثرین گوجرہ

گوجرہ۔۔۔7، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر علی حسن، حق پرست ارکان قومی اسمبلی ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ اور خواجہ سہیل منصور نے ڈسٹرکٹ ٹوبہ ٹیک سنگھ میں سانحہ گوجرہ کے متاثرہ چرچوں اور دیگر علاقوں کا دورہ کیا اور متاثرین گوجرہ سمیت مسیحی رہنماؤں، فادرز، بشپ اور اقلیتی برادری کی اہم شخصیات سے ملاقات کرکے سانحہ پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی افسوس کا اظہار کیا۔ایم کیوایم کے وفد میں ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان عبدالمجید کاررواني، عابد زیدی، ڈسٹرکٹ ٹوبہ ٹیک سنگھ کے انچارج ایوب شاہد اور فیصل آباد کے انچارج عرفان اور اراکین شامل تھے جبکہ اس موقع پر پاسٹر آصف، پاسٹر کاشف اور عنایت منور بھی موجود تھے۔دورے کے موقع پر مسیحی رہنماؤں سے بات چیت کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر علی حسن نے کہا کہ گوجرہ سانحہ ملک وقوم کو بدنام کرنے کی گھناؤنی سازش تھی اور یہی وجہ ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان قومی اسمبلی نے گوجرہ سانحہ کے خلاف قومی اسمبلی میں صدائے احتجاج بلند کیا اور اس واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اس کے ذمہ داروں کو کیفر کردار تک پہچانے کا مطالبہ بھی کیا۔انہوں نے سانحہ گوجرہ کو ملک کی تاریخ کا سیاہ ترین باب قرار دیا اور کہا کہ اقلیتی برادریوں کو پاکستان کے قانون کے مطابق برابری کا درجہ حاصل ہے اور جو عناصر مسیحی برادری میں عدم تحفظ پیدا کرنے کیلئے سرگرم ہیں ان کی ہر طبقہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو مذمت کرنی چاہئے۔اس موقع پر سانحہ گوجرہ کے متاثرین اور مسیحی رہنماؤں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم نے جس مشکل وقت میں مظلوم مسیحی برادری کی مدد کی اور ظلم کے خلاف صدائے احتجاج بلند کیا اس سے ثابت ہوگیا ہے کہ ایم کیوایم مذہبی اقلیتوں کے حقوق کے حصول کیلئے پرامن جدوجہد کررہی ہے۔

## ضلع ٹھٹھہ کی یوسی چوہڑ جمالی کی حق پرست کونسلر محترمہ مریم کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔7، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ضلع ٹھٹھہ یوسی چوہڑ جمالی کی حق پرست کونسلر محترمہ مریم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غم اور دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے ساتھ ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## حیدرآباد زون میں سابق یونٹ انچارج جمیل عباسی، کراچی میں ہمدرد رحمان کی شہادت اور کارکن شاہد علی کو زخمی کرنے میں ملوث سفاک دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے، ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔7، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیو ایم حیدرآباد زون کے سابق یونٹ انچارج جمیل عباسی اور کراچی میں ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یونٹ 95 کے ہمدرد رحمان ولد کمال کی شہادت اور کارکن شاہد علی ولد محمد علی کے زخمی ہونے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بعض سازشی قوتیں ایم کیو ایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے بری طرح سے بوکھلاہٹ کا شکار ہیں اور وہ شہر کے حالات خراب کرنے اور جمہوریت کو ڈی ریل کرنے کیلئے حقیقی دہشت گردوں اور شہر میں قائم نام نہاد امن کمیٹیوں میں شامل جرائم پیشہ، ڈرگ مافیا، لینڈ مافیا اور سماج دشمن عناصر کو استعمال کررہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے ایم کیو ایم حیدرآباد زون کے سابق یونٹ انچارج جمیل عباسی، ایم کیو ایم ملیر سیکٹر کے ہمدرد رحمان کی شہادت پر سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے کارکن شاہد علی کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیو ایم کے سابق یونٹ انچارج جمیل عباسی، ہمدرد رحمان کی شہادت اور کارکن شاہد علی کو زخمی کرنے کے واقعہ کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، ٹارگٹ کلنگ کی وارداتوں میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور انہیں عبرتناک سزائیں دی جائیں۔

☆☆☆☆☆